ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازی خان

درخواست فارم برائے تبدیلی بورڈ/ یونیورسٹی / مائیگریشن (NOC)

فوٹو گوند سے چسپاں کریں

فیس مبلغ -/3100 روپے بذریعہ حبیب بنک چالان ڈیرہ غازی خان ڈویژن واندرون ملک کسی بھی HBL برانچ میں جمع کرایا جاسکتا ہے۔ طالبعلم کوائف فارم کی پشت پر درج قواعد وضوابط کے مطابق خود پُر کرے۔ نامکمل فارم قابل قبول نہ ہوگا

1 بورڈ **یا** یونیورسٹی کا نام جہاں داخلہ لینا ہے _____

2 اُمیدوار کا نام (اردو میں) _____ (انگریزی میں) _____

3 والد کا نام (اردو میں) _____ (انگریزی میں) _____

4 ڈیرہ غازی خان بورڈ یا کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک کا امتحان دینے کا سال _____ سالانہ/ ضمنی _____

بورڈ کا رول نمبر _____ رجسٹریشن نمبر _____

حاصل کردہ نمبر _____ تاریخ پیدائش _____

یا مضامین جن میں فیل ہوا _____ میٹرک کا امتحان پرائیویٹ دینے کی صورت میں ضلع کا نام _____

میٹرک کا امتحان ریگولر دینے کی صورت میں سکول کا نام _____

5 ڈیرہ غازی خان بورڈ یا کسی دوسرے بورڈ سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان دینے کا سال _____ سالانہ/ ضمنی _____

بورڈ کا رول نمبر _____ انرولمنٹ نمبر _____

حاصل کردہ نمبر _____ یا مضامین جن میں فیل ہوا۔ _____

کونسے کالج سے ریگولر امتحان دیا تھا۔ _____ اگر پرائیویٹ ہو تو ضلع کا نام _____

6 انٹرمارکس امپروور ولنمبر _____ سالانہ/ضمنی _____ حاصل کردہ نمبرات _____

7 فیس جمع کروانے کا اصل چالان یا منی آرڈر رسید اس فارم کی پشت پر چسپاں کریں۔

حبیب بینک چالان نمبر _____ تاریخ _____ ادا کردہ فیس مبلغ _____ بینک کی شاخ کا نام _____

یا منی آرڈر نمبر _____ تاریخ _____ ادا کردہ فیس مبلغ _____ ڈاکخانہ کی شاخ کا نام _____

8 موجودہ مکمل پتہ (ایڈریس) لازمی تحریر کریں۔ _____

_____ فون نمبر _____

دستخط والد/ سرپرست _____ نشان انگوٹھا طالبعلم _____ دستخط طالب علم _____

دفتر کے استعمال کے لئے

پرمشن رپورٹ

_____

اہلکار _____ اسسٹنٹ _____ سپرنٹنڈنٹ _____

دفتر کے استعمال کے لئے

امیدوار نے مطلوبہ شرائط پوری کردی ہیں۔ لہذا اس کو تبدیلی بورڈ کا اجازت نامہ جاری کرنے کی اجازت دی جائے۔

اہلکار _____ اسسٹنٹ _____ سپرنٹنڈنٹ _____

اسسٹنٹ/ ڈپٹی سیکرٹری/ انچارج (FC) _____

ہدایات وقواعد وضوابط

۱۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ/ یونیورسٹی(NOC) کی فیس مبلغ-/3100 روپے حبیب بینک لمیٹڈ بذریعہ چالان واقع ڈیرہ غازی خان ڈویژن و اندرون ملک HBL برانچز میں آن لائن جمع کرائی جاسکتی ہے۔ یا بذریعہ ڈاکخانہ منی آرڈر بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان بھیجیں اور اصل حبیب بینک چالان / منی آرڈر رسید فارم کی پشت پر چسپاں کریں منی آرڈر کیصورت میں اجازت نامہ دفتر میں رقم وصول ہونے کے بعد جاری کیا جائے گا۔

۲۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ/ یونیورسٹی(NOC) صرف ڈیرہ غازی خان بورڈ میں بطور ریگولر/ پرائیویٹ رجسٹرڈ طالب علم کو جاری کیا جائے گا۔

۳۔ طالبعلم/ طالبہ اپنی 1 عدد فوٹو NOC درخواست فارم کے ساتھ ارسال کرے۔ ریگولر اُمیدوار اپنی تصویر اپنے متعلقہ تعلیمی ادارہ کے سربراہ سے تصدیق کروائے۔ پرائیویٹ اُمیدوار اپنی تصویر ڈیرہ غازی خان بورڈ کی حدود میں واقع بورڈ سے الحاق شدہ پرائیویٹ یا گورنمنٹ سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈمسٹریس یا گورنمنٹ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کروائیں۔ تصویر سامنے سے تصدیق شدہ ہو۔ سال 2000ء سے قبل امتحان دینے والے 3 عدد تصدیق شدہ تصاویر پر مہیا کریں۔

۴۔ ڈوپلیکیٹ (مثنیٰ) اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ(NOC) فیس-/3100 روپے دوبارہ جمع کرانے کی صورت میں جاری کیا جائے گا۔ بشرطیکہ اس فارم کے ہمراہ ایک حلف نامہ اسٹامپ پیپر پر اس امر کا بھیجا جائے کہ بورڈ کا پہلے سے جاری شدہ سرٹیفکیٹ (N.O.C) گم ہو چکا ہے۔ اور کسی دوسرے مقصد کیلئے استعمال نہیں کیا گیا۔ اور پہلے سے جاری شدہ N.O.C اصل ملنے کی صورت میں بورڈ ہذا کو واپس کیا جائے گا نیز حلف نامہ کے بغیر مثنیٰ N.O.C جاری نہیں کیا جائے گا۔ مذکورہ حلف نامہ سول جج / جوڈیشل آفیسر سے تصدیق شدہ ہو۔

۵۔ اجازت نامہ برائے تبدیلی بورڈ فیس جمع کروانے کی تاریخ سے 90 دن کے اندر حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد فیس زائد المعیاد ہونے کی صورت میں نئی فیس مبلغ -/3100 روپے جمع کرانا ہوگی۔

۶۔ مثنیٰ حاصل کیا گیا تبدیلی بورڈ منسوخ نہیں کیا جائے گا بشرط کہ بورڈ کے فیصلہ کی شق نمبر 18 مورخہ 25-01-2003 کے تحت اُمیدوار بیان حلفی اس امر کا دے گا کہ اس نے N.O.C کا غلط استعمال نہیں کیا۔ مذکورہ بیان حلفی گورنمنٹ ادارہ کا سربراہ تصدیق کرے گا۔

۷۔ اجازت نامہ تبدیلی بورڈ فارم کے ساتھ تعلیمی اسناد / رزلٹ کارڈز / شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپیاں منسلک کرنا ضروری ہیں۔ فیل ہونے کی صورت میں نتیجہ کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی منسلک کریں۔

۸۔ ایسے ریگولر اُمیدوار جو نہم و گیارہویں کلاس سے بطور ریگولر ڈسچارج ہو چکے ہوں تو حصول N.O.C کیلئے سکول / کالج چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی مہیا کرنا لازمی ہوگا۔

۹۔ ایسے اُمیدوار جنہوں نے 2000ء سے قبل میٹرک کا امتحان پاس کرلیا ہے۔ یا وہ فیل ہو چکے ہوں وہ N.O.C فارم کے ساتھ اس امر کا بیان حلفی منسلک کریں کہ ڈیرہ غازیخان بورڈ کی حدود میں واقع ہائی سکول/ ہائر سیکنڈری سکول / کالج میں نہ ہی ریگولر داخلہ لیا ہے اور نہ ہی ڈیرہ بورڈ کی حدود میں میٹرک / انٹرمیڈیٹ کا پرائیویٹ امتحان دیا ہے۔ حلفیہ بیان سول جج / جوڈیشل آفیسر کا تصدیق شدہ ہو۔

۱۰۔ بین الصوبائی N.O.C سرٹیفکیٹ کے اجراء پر گورنمنٹ پنجاب نے پابندی عائد کردی ہے تاہم (I) ٹرانسفر کی صورت میں ٹرانسفر لیٹر فارم کے ساتھ مہیا کریں **یا** (II) متعلقہ صوبہ میں کسی منظور شدہ ادارہ یا گورنمنٹ ادارہ میں داخلہ کی بنیاد پر داخلہ سرٹیفکیٹ پیش کریں **یا** (III) گورنمنٹ / سیمی گورنمنٹ ادارہ میں ملازمت کی صورت میں سروس سرٹیفکیٹ پیش کریں **یا** (IV) متعلقہ صوبہ میں رہائش کی صورت میں اُمیدوار / اُمیدوارہ اپنا / والد / والدہ کا ڈومی سائل پیش کریں۔ تحریر بالا (I) تا (IV) شرائط میں سے کسی ایک شرط پر پورا اترنا لازم ہے۔ انٹر پاس ہونے کی صورت میں رہائشی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہ ہے۔

۱۱۔ **ہدایت برائے تصدیق کنندہ:۔** اُمیدوار کی شناخت اور درخواست فارم میں درج کئے گئے کوائف کی مکمل تسلی و پڑتال کے بعد تصدیق کریں۔ اس بابت تمام تر ذمہ داری تصدیق کنندہ پر ہوگی۔ درخواست فارم پر امیدوار کے دستخط اور نشان انگوٹھا اپنے سامنے کروائیں اور تصویر گوند سے چسپاں کروائیں۔ تصویر پر اُمیدوار کا نام ولدیت بھی تحریر کریں۔ تصویر اس طرح تصدیق کریں کہ آدھی مہر تصویر پر اور آدھی مہر و دستخط درخواست فارم پر ہوں۔

اصل بینک چالان/منی آرڈر رسید یہاں چسپاں کریں